نیوز ریلیز

مارکیٹ کے نئے قوانین کے مطابق بجلی کے نرخ آدھے کر دیئے گئے ہیں

05 ستمبر، 2024ء میڈیا انکوائریز

یوٹیلیٹی بِلوں کوکم کرنے کیلئے البرٹا کی حکومت کے متعارف کروائے ہوئے نئے مارکیٹ قوانین کے نتیجے میں سال بہ سال بجلی کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی ہے ماہ اگست کیلئے یہ کمی قریباً 60 فیصد ہے۔

روزمرہ کی ضروری اشیاء کی قیمتوں میں کمی، جیسے کہ بجلی ہے، البرٹا کی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے، البرٹا کی حکومت بجلی کے تمام نظام کو جدید بنا رہی ہے، اور وہ یوٹیلیٹی کے بِلوں کوکم کرنے اور البرٹا کے صارفین کی حفاظت کرنے کیلئے طویل مدتی حل فراہم کررہی ہے۔ یہ کام پہلے ہی سے خوب اچھی طرح سے جاری و ساری ہے، بجلی کی قیمتوں میں اضافے سے بچاؤکیلئے اقدامات 1 جولائی سے نافذ العمل ہونگے، اور نئے سال میں مزید آنے والے ہیں۔ جدید بنانے کے سلسلے میں حکومت کے ابتدائی کام کا مطلب ہے کہ البرٹا کے لوگ پہلے ہی اپنے اگست کے بجلی کے بِلوں میں تقریباً 60 فیصد کی نمایاں کمی دیکھ چکے ہیں۔

"ہماری حکومت نے البرٹا کے لوگوں کے یوٹیلیٹی بِلوں کوکم کرنے کا وعدہ کیا تھا، اور مجھے یہ دیکھ کر فخر محسوس ہوتا ہے کہ ہماری کوششوں کے نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ اعداد و شمار خود بخود بولتے ہیں اور یہ ثابت کرتے ہیں کہ ہماری حکومت کی نئی پالیسیاں کام کررہی ہیں، جن سے ابھی بہت کچھ مزید آنا باقی ہے۔"

نیتھن نیوڈورف (Nathan Neudorf)، استطاعت اور یوٹیلیٹیز کے وزیر

مورخہ 1 جولائی کو نافذالعمل ہونے کے بعد سے، *مارکیٹ پاور مِٹیگیشن ریگولیشن (Market Power Mitigation Regulation)* پہلے ہی البرٹنز کی جیبوں میں زیادہ پیسہ رکھ رہا ہے۔ یہ ضابطہ متغیر شرح کے کنٹریکٹس پر البرٹا میں رہنے والوں کیلئے بجلی کی قیمتوں میں اضافے کی روک تھام کرتا ہے۔ نافذالعمل ہونے کے چند ہفتوں کے اندر اندر، اس ضابطے نے البرٹا میں رہنے والوں کو قیمتوں میں اضافے سے متغیر شرح کے کنٹریکٹس پر حفاظت فراہم کی جبکہ موسم گرما میں گرمی کی لہر نے مانگ میں اضافہ کر دیا تھا، ایک ایسے وقت میں جب بجلی تک رسائی اہم تھی۔ *مارکیٹ پاور مِٹیگیشن ریگولیشن* کام کر رہا ہے، اور اگست کیلئے بجلی کی قیمتوں میں سال بہ سال قریباً 60 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ آزاد رپورٹوں نے تخمینہ لگایا ہے کہ یہ ضابطہ اگلی دہائی میں البرٹا میں رہنے والوں کیلئے 8 بلین ڈالر سے زائد کی بچت کرے گا۔

تصویر 1 – البرٹا میں بجلی کی مقررشدہ شرح کی قیمت کا موازنہ: اگست 2023ء بمقابلہ اگست 2024ء



ٹیبل 1 – البرٹا بھر میں بجلی کے پہلے سے مقررشدہ نرخوں کی اوسط ماہانہ قیمت، 2023ء بمقابلہ 2024ء

	2023	2024
جولائی	27.50 c/kWh	11.86 c/kWh
اگست	32.27 c/kWh	13.19 c/kWh

** چار بڑے مقررشدہ نرخ فراہم کرنے والوں کی اوسط ماہانہ قیمت (ENMAX, EPCOR, FortisAlberta, ATCO Electric)*

وسیلہ: البرٹا یوٹیلیٹیز کمیشن (Alberta Utilities Commission)

یوٹیلیٹی بِلوں کوکم کرنے کیلئے اضافی اقدامات 2025ء میں نافذالعمل ہونگے، جیسے کہ *یوٹیلیٹیز افورڈ ایبلیٹی اسٹیٹیوٹس ترمیمی ایکٹ [Utilities Affordability Statutes Amendment Act* (UASAA)] بجلی کے مقررشدہ نرخوں میں ریگولیٹری تبدیلیاں، اور ٹرانسمشن کے اخراجات کو مختص کرنے کے طریقوں میں تبدیلیاں، یو اے ایس اے اے (UASAA) اپریل میں پاس کیا گیا تھا، جس سے مقررشدہ بجلی کے ریٹ کا نام تبدیل کرکے ریٹ آف لاسٹ ریزورٹ کرنا ہے اور جو مقامی رسائی کی فیسوں کوکم اور مستحکم کرے گا۔ صرف اس اکیلی قانون سازی سے ایک اوسط خاندان کیلئے ان کے بجلی کے بِلوں پر سالانہ 937 ڈالر کے مقررشدہ بجلی کے نرخوں پر بچت کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

البرٹا کی حکومت بجلی کی قیمت کم کرکے آسودہ حالی کی راہیں تشکیل دے رہی ہے، اور اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ البرٹا میں رہنے والے بڑی محنت سے کمائے گئے زیادہ سے زیادہ ڈالر اپنے بینک اکاؤنٹس میں رکھ سکیں۔ یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ (UCA) البرٹا میں رہنے والوں

کی یوٹیلیٹی مارکیٹ کو بہتر طور پر سمجھنے اور نیویگیٹ کرنے میں مدد دینے کو جاری رکھے ہوئے ہے، اور ان کی تائید نے گزشتہ 20 سالوں میں البرٹا میں رہنے والوں کیلئے 3.2 بلین ڈالر سے زائد کی بچت کرنے میں رہنمائی کی ہے۔ البرٹنز جو اپنے یوٹیلیٹی بِلوں میں معاونت کی تلاش میں ہیں یا اپنے ریٹیل فراہم کنندگان کے ساتھ تنازعہ کا سامنا کر رہے ہیں انہیں یو سی اے (UCA) سے رابطہ کرنا چاہئے۔

متعلقہ معلومات

- یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ (UCA)
- *یوٹیلیٹیز افورڈ ایبیلیٹی اسٹیٹیوٹس ترمیمی ایکٹ، 2024ء*
- مارکیٹ پاور مِٹیگیشن ریگولیشن
- ریگولیٹڈ ریٹ آپشن، البرٹا یوٹیلیٹیز کمیشن